## سوال

(649)انسان میں داخل ہونے کےلیے شیطان کے راستے

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

وہ کون سے راستے ہیں، جن سے شیطان انسان میں داخل ہو جاتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

انسان میں جاخل ہونے کےلیے بہت سے راستے ہیں مثلا یہ کہ وہ جنسی شہوت کے ذریعہ داخل ہوتا ہے۔ بدکاری کے ذریعہ انسان کو گمراہ کرتا ہے اور اس کےلیے اجنبی عورتوں کے ساتھ خلوت، انہیں دیکھنا، ان سے میل جول رکھنا اور ان کے گانے کو سننا بہت ہی مزین کر دیتا ہے اور اس طرح کی چیزوں کے ذریعہ انسان کو ہمیشہ فتنہ میں ڈالے رکھتا ہے حتیٰ کہ انسان زنا میں بتلا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح وہ انسان کو پیٹ کی خواہش کے ذریعہ گمراہ کرتا ہے اور اسے حرام کھانے، شراب پینے اور منشیات کے استعمال کا عادی بنا دیتا ہے۔ اسی طرح وہ مال کے راستے سے انسان کو گمراہ کرتا ہے کہ مال و دولت کی محبت اس کے دل میں پیدا کر دیتا ہے اور وہ مال و حرام کی پرواکیے بغیر کمائی کے زیادہ سے زیادہ اسباب حاصل کرنے میں لگ جاتا ہے اور باطل راستے سے لوگوں کے مال کھانے، سود، چوری، غاصبانہ قبضے، ڈکیتی، رہزنی اور ملاوٹ وغیرہ سے انسان میں داخل ہوتا ہے اور جب انسان کو حکومت واقتدار کی کوئی بلند منصب حاصل ہو جاتا ہے، تو وہ فخر و غرور کا اظہار کرتا ہے، لوگوں کو ظلم و جبر کا نشانہ بناتا، انہیں حقیر جانتا اور ان کا مذاق اڑاتا ہے۔ الغرض اس طرح کے بہت راستے ہیں، جن سے شیطان انسان میں داخل ہوتا ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

## ج4ص494

محدث فتویٰ